كلام للمحدث الكبير الشيخ محمد يوسف النبوريؒ

في نعت النبي الكريم سيدنا الهاشمي محمد ﷺ

تحتوي على قدر كثير من شمائله الكريمة ﷺ

طاف الخيال من الحبيب فزارا

فاهتز قلب المستهام وطارا

سرت المسرة في المعروق جميعها

كدم الحياة سرى هناك ودارا

طيف بدا بجلو الهموم رواحه

روح الحياة وسره إذ سارا

قر العيون بشيمة من برقه

فله جمال يعجب الأبصارا

لله من طيف يسر قدومه

قلب العميد دجى فزير وزارا

لا غرو طيف في الزمان مبارك

طيف النبي الأبطحي ديارا

يا مدنفاً في جه وجماله

متحيراً لكماله إكبارا

✿

منتخب کلام علامہ ندویؒ و مولانا جوہرؒ

عشق نبوی ﷺ درد معاصی کی دوا ھے
ظلمت کدہ دھر میں وہ شمع ھدیٰ ھے
پڑھتا ھے درود آپ ھی تجھ پر ترا خالق
تصویر پہ خود اپنی مصور بھی فدا ھے
بندہ کی محبت سے ھے آقا کی محبت
جو پیرو احمد ﷺ ھے وہ محبوب خدا ھے
عقل کھتی ھے کہ نادان نہ ھو گمراہ نہ ھو
عشق کھتا ھے کیا لطف اگر چاہ نہ ھو
سوزش عام ھو تب آگ سے اٹھتا ھے دھواں
عشق کامل کا جو دعویٰ ھے تو پھر آہ نہ ھو

سید سلیمان ندویؒ

سینہ میں دل آگاہ جو ھو کچھ غم نہ کرو شاد سھی
مشغول تو ھے بیدار تو ھے نغمہ نہ سھی فریاد سھی
ھرچند بگولہ مضطر ھے اک جوش تو اس کے اندر ھے
اک وجد تو ھے اک رقص تو ھے بیچین سھی برباد سھی
تربیت کرتا ھے جن کو خود خدائے ذوالجلال
نورِحق سے جگمگا اٹھتا ھے ان کا ھر کمال
لڑکپن ھو کہ بچپن یا جوانی کی بھار
سب میں آتا ھے نظر تابندہ سیرت مصطفی کا جمال

محمد علی جوہرؒ